**MZK / Shabbir**

**09-04-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ارجمند علی خان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیراعظم نریندرمودی نے کہاہے کہ شمال مشرق نئے بھارت کی کامیاب داستان کے طور پر ابھرا ہے۔

2 بی جے پی کے سینئر رہنما اور وزیراعظم نریندرمودی آج مدھیہ پردیش کے بالا گھاٹ میں ریلی اور تمل ناڈو کے چنئی میں روڈ شو کریں گے۔

3 انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے ایکسائز پالیسی گھپلے کے سلسلے میں دلی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کے پرسنل اسسٹنٹ اور عام آدمی پارٹی کے رکن اسمبلی سے پوچھ تاچھ کی ہے۔

4 آج ملک کے مختلف حصوں میں نوراتری، Chaitra Sukladi، Ugadi، Gudi Padwa، Cheti Chand، Navreh اور Sajibu Cheiraoba تہوار منائے جارہے ہیں۔

5 آج چین کے Ningbo میں بیڈمنٹن ایشیا چمپئن شپ 2024 کا آغاز ہورہا ہے۔

6 اور آئی پی ایل کرکٹ میں

چنئی میں، چنئی سپرکنگس نے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کو سات وکٹ سے ہرادیا۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM Interview**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ شمال مشرقی خطہ آجنئے بھارت کی سب سے بڑی کامیاب داستان کے طور پر ابھرا ہے۔ انھوں نے کہاکہ گذشتہ پانچ سال میں خطے کی ترقی کے لیے تقریباً چار مرتبہ سرمایہ کاری کی گئی ہے، جو کانگریس سرکار کی طرف سے مختص کیے گئے فنڈ سے کہیں زیادہ ہے۔

ایک اخبار کو دیے گئے انٹرویو میں جناب مودی نے کہا کہ بنیادی ڈھانچے کی ترقی نے جوگذشتہ ایک دہائی میں ہوئی ہے۔ شمالی مشرقی خطے کو ملک کے باقی حصے سے جوڑ دیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملک کی پہلی کھیلوں کی یونیورسٹی منی پور میں کھولی گئی ہے اور حکومت آٹھ ریاستوں میں 200 سے زیادہ کھیلو انڈیا سینٹرس قائم کر رہی ہے۔

شورش پسندی کے معاملے پر وزیراعظم نے کہا کہ حکومت نے شمالی مشرقی خطے میں شورش پسندی پر کافی حد تک قابو پا لیا ہے، اور وہاں امن کویقینی بنایا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ گذشتہ دس سال میں کُل گیارہ امن سمجھوتوں پر دستخط کیے گئے ہیں۔

**PM Rally**

مدھیہ پردیش میں لوک سبھا کے چناؤ کے پہلے اور دوسرے مرحلے کے لیے انتخابی مہم پورے زور و شور سے جاری ہے۔ سیاسی

پارٹیوں کے سرکردہ رہنما انتخابی ریلیاں کر رہے ہیں۔
سینئر BJP لیڈر اور وزیراعظم نریندر مودی آج Balaghat میں ایک ریلی سے خطاب کریں گے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Sanjeev Sharma

*BJP کے سینئر رہنما اور وزیراعظم نریندر مودی تین دنوں میں دوسری مرتبہ مدھیہ پردیش پہنچ رہے ہیں جہاں وہ اتوار کے روز جبل پور میں ایک روڈ شو کی قیادت کریں گے۔*
*جناب مودی آج سہ پہر بالاگھاٹ میں **Utkrisht Maidan** میں ایک جلسہ عام سے خطاب کریں گے۔ نکسلیوں سے متاثرہ اس علاقے میں وزیراعظم کی ریلی کے لیے سیکوریٹی کے زبردست انتظامات کیے گئے ہیں۔*
*دوسری جانب کانگریس کے سینئر لیڈر راہل گاندھی نے مدھیہ پردیش میں اپنی انتخابی مہم شروع کردی ہے انھوں نے کل **Seoni** اور **Shahdol** میں دو ریلیوں سے خطاب کیا۔ جس میں انھوں نے کانگریس کے منشور میں کیے گئے وعدوں کا تذکرہ کیا۔*
*اس دوران دوسرے مرحلے میں مدھیہ پردیش میں لوک سبھا کے **7** حلقوں کے لیے **88** امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ کل پانچ امیدواروں نے نام واپس لیے ہیں۔*
*دوسرے مرحلے کے لیے **26** اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔**x***
*بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں حسین اختر*

**PM TN Road Show**

وزیراعظم اور بی جے پی کے سینئر رہنما نریندر مودی آج سے تمل ناڈو کے دو روزہ دورے پر رہیں گے۔ وہ آج چنئی میں ایک روڈ شو کریں گے اور کل دو عوامی میٹنگوں سے خطاب کریں گے۔ چنئی میں یہ روڈ شو شام چھ بجے کے بعد ہوگا جس میں جنوبی اور وسطی چنئی کا احاطہ کیا جائے گا۔

Tamilisai Soundararjan جنوبی چنئی سے BJP کے امیدوار ہیں جبکہ Vinoj P Selvam وسطی چنئی سے DMK کے دیاندھی مارن کا مقابلہ کریں گے۔
کل جناب مودی ویلور میں پہلی عوامی میٹنگ سے خطاب کریں گے۔
تمل ناڈو کی 39 لوک سبھا سیٹوں پر اس ماہ کی 19 تاریخ کو چناؤ ہوگا۔

**Assam Amit Shah**

آسام میں، سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما، رائے دہندگان کو راغب کرنے کے لیے ریاست پہنچنا شروع ہوگئے ہیں۔ وزیر داخلہ اور BJP کے سینئر لیڈر امت شاہ آج سہ پہر شمالی لکھیم پور میں ایک جلسۂ عام میں شرکت کریں گے۔ بعد میں شام کو وہ Tinsukia میں ایک روڈ شو بھی کریں گے جہاں اس مہینے کی 19 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔
آسام کے وزیراعلیٰ ہیمنا بسوا سرما، مرکزی وزیر سربانند سونووال اور ریاستی BJP کے صدر Bhabesh Kalita بھی اپنی پارٹی کے امیدواروں کے حق میں چناؤ مہم میں حصہ لے رہے ہیں۔
دیگر پارٹیاں بھی اپنے اپنے امیدواروں کے حق میں میٹنگیں کر رہی ہیں۔ ریاستی کانگریس کے صدر Bhupen Bora، ایم پی گورو گگوئی، اور Prodyut Bordololai اپنی پارٹی کے لیے حمایت حاصل کرنے کی خاطر بھرپور کوششیں کر رہے ہیں۔
کل عام آدمی پارٹی کی لیڈر آتشی نے پارٹی امیدواروں کے حق میں Duliajan میں ایک روڈ شو کیا۔ چناؤ کے پہلے مرحلے میں پانچ سیٹوں کے لیے 35 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔x

**CM Nagaland**

Nationalist Democratic Progressive پارٹی کے سینئر لیڈر اور ناگلینڈ کے وزیراعلیٰ Neiphiu Rio نے اس بات کا اعادہ کیاہے کہ ریاست میں حزب اختلاف کے بغیرحکومت چل رہی ہے۔کل Kohimaمیں لوک سبھا انتخابات کے لئے پیپلز ڈیموکریٹک الائنس کی رابطہ کاری میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے جناب RIO نے امید ظاہر کی کہ آئندہ انتخابات پرامن رہیں گے۔

**J&K Jammu Constituency**

جموں وکشمیرمیں 26 اپریل کو دوسرے مرحلے کے تحت جموں، سانبا، ریاسی لوک سبھا سیٹوں پر ہونے والے عام انتخابات میں 17 لاکھ 67 ہزار 837 سے زیادہ ووٹرس 22 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔جموں پارلیمانی حلقے میں نام واپس لینے کے کل آخری دن ایک امیدوار کی جانب سے نام واپس لئے جانے کے بعد کُل 22 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں، جو امیدوار چناؤ میدان میں ہیں اُن میں بی جے پی کے جُگل کشور، کانگریس کے رمن بھلا،جموں وکشمیرپیپلز کانفرنس کے رتن لال کے علاوہ دیگر شامل ہیں۔

**TMC ECI**

ترنمول کانگریس TMC نے کل حکومت کے ذریعے قومی تحقیقاتی ایجنسی سمیت مرکزی ایجنسیوں کا مبینہ غلط استعمال کرنے پر انتخابی کمیشن سے رجوع کیا۔ پارٹی کے ایک وفد نے اِس معاملے پر نئی دلی میں کمیشن سے ملاقات کی۔ میٹنگ کے بعد اخبار نویسوں سے بات کرتے ہوئے پارٹی کی رکن پارلیمنٹ Sagarika Ghos نے کہاکہ انہوں نے لوک سبھا انتخابات سے قبل مغربی بنگال میں TMC کے کارکنوں کو ڈرانے دھمکانے کے لیے NIA کے مبینہ غلط استعمال کے معاملے کو اٹھایا۔ انہوں نے انتخابی ادارے پر مداخلت کرنے اور انتخابات کے وقار کو برقرار رکھنے پر زور دیا۔

**Telangana Rahul Gandhi**

بھارت راشٹر سمیتی BRS نے کانگریس کے لیڈر راہل گاندھی کے خلاف چناؤ کمیشن میں ایک شکایت درج کی ہے جس میں اُن پر الزام لگایا گیا ہے کہ وہ مثالی ضابطہ عمل کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔ BRS نے اپنی شکایت میں الزام لگایا ہے کہ کانگریس پارٹی، فون Tapping کے معاملے پر ان کی پارٹی کے لیڈر، کے۔چندر شیکھر راؤ کے خلاف ہتک آمیز بیانات اور غیر مصدقہ الزامات لگا رہے ہیں۔ پارٹی نے آئندہ لوک سبھا چناؤ کے لیے انتخابی مہم میں راہل گاندھی پر فوری پابندی لگانے کی مانگ کی ہے اور ساتھ ہی ساتھ کانگریس کے خلاف کارروائی کرنے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**ED Kejrival**

انفورسمینٹ ڈائرکٹوریٹ ED نے ایکسائز پالیسی سے جڑے منی لانڈرنگ معاملے میں دلی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کے پرسنل سکریٹری Bibhav Kumar اور عام آدمی پارٹی کے رکن اسمبلی درگیش پھاٹک سے پوچھ تاچھ کی ہے۔

ذرائع نے بتایا ہے کہ منی لانڈرنگ کی روک تھام کے قانون کی شقوں کے تحت اُن کے بیانات قلمبند کیے گئے ہیں۔

2021-22 میں گوا اسمبلی چناؤ کے لیے عام آدمی کی مہم کے سلسلے میں بھی درگیش پاٹھک سے پوچھ تاچھ کی گئی تھی۔

تحقیقاتی ایجنسی نے الزام لگایا ہے کہ ساؤتھ گروپ کی جانب سے دی گئی سو کروڑ روپے کی رشوت میں سے تقریباً 45 کروڑ روپے گوا اسمبلی چناؤ میں اپنی انتخابی مہم کے لیے عام آدمی پارٹی کی طرف سے استعمال کیے گئے تھے۔x

**Festival Messages**

ملک کے مختلف حصوں میں آج نوراتری، Chaitra Sukladi، Ugadi، Gudi Padwa، Cheti Chand،

Navreh اور Sajibu Cheiraoba تہوار منائے جارہے ہیں۔

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدرجگدیپ دھنکڑ نے اس موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ صدرجمہوریہ نے اپنے پیغام میں کہا کہ یہ تہوار موسم بہار اور بھارت کے نئے سال کا خیرمقدم کرنے کا موقع ہوتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ تہوار ملک کے مختلف حصوں میں منائے جاتے ہیں جو امن ہم آہنگی اور قوت برداشت کا پیغام دیتے ہیں۔

نائب صدر نے اپنے پیغام میں کہا کہ یہ تہوار مختلف ناموں سے منائے جاتے ہیں لیکن ان کا اصل مقصد خوشحالی، نئی امید اور نئی توانائی پیدا کرنا ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ ان تہواروں سے سب کو خوشحالی اور اچھی صحت ملے گی۔

## Navratra

9 دن تک چلنے واا تہوار Navratra آج پورے مذہبی عقیدت اور جوش و جذبے کے ساتھ شروع ہو گیا ہے۔

اس موقع پر دیوی درگا کی پوجا کی جاتی ہے۔ عقیدتمند دیوی درگا کی پوجا کرنے کے لیے آج صبح سویرے سے ہی مندروں میں جمع ہوئے، نوراتری کے پہلے دن دیوی درگا کی Shailaputri کے طور پر پوجا کی جاتی ہے۔

قومی راجدھانی میں عقیدت مند کالکاجی، جھنڈے والان اور دیگر مندوں کے درشن کر رہے ہیں اور وہاں پوجا پاٹ کر رہے ہیں۔

## Punjab Navratra

ملک کے دیگر باقی حصوں کی طرح، پنجاب میں بھی نوراتری کا تہوار پورے جوش و خروش اور عقیدت کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ مندروں کو رنگا رنگ پھولوں کے ساتھ سجایا گیا ہے۔ اس موقع پر مذہبی رسومات اور پروگرام کا سلسلہ جاری ہے اور دیوی درگا کی پوجا کی جا رہی ہے۔

V/C Shishu Sharma Shantal

*چیتزا ماہ کے نوراتری اور ہندو نئے سال کے آغاز کے موقع پر پنجاب کے مختلف مندروں میں صبح سے عقیدت مندوں کی بھیڑ لگی ہوئی ہے۔ عقیدت مند امرتسر کے شری Durgiana مندر، پٹیالہ کے ماتا Kalidevi مندر اور جالندھر کے شری دیوی Talab مندر میں دیوی درگا کے مختلف اوتاروں کے سامنے ماتھا ٹیک رہیں۔ آج نوراتری کے پہلے دن دیوی درگا کے Shailpuiri اوتار کی پوجا کی جارہی ہے۔صبح سے مندروں میں ہون یگیہ اور مذہبی پروگرام منعقد کئے جارہے ہیں۔*

*جالندھر سے شیشو شرما شانتل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں کونین حیدر*

## Maharashtra Gudi Padwa

پورے مہاراشٹر کے لوگ آج Gudi Padwa یا مہاراشٹر کا نیاسال منارہے ہیں۔یہ سال کا وہ وقت ہوتا ہے جب نئے سال کے آغاز پر ریاست بھر میں عظیم الشان جلوس نکالے جاتے ہیں۔ہمارے نامہ نگار نے خبردی ہے کہ ہر گھر میں رنگولیاں بنائی جارہی ہیں اور روایتی Gudi جو ایک کلش، ایک کپڑے اور نیم کے پتوں اور آم کے ساتھ پھولوں پر مبنی ہوتی ہے، ہر گھر میں دیکھی جاسکتی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Nisha Mohan raney

***Gudi Padwa** کا تہوار پورے مہاراشٹر اور ممبئی میں جوش وخروش کے ساتھ منایا جاتاہے۔ چھترپتی شیواجی مہاراج کی تاجپوشی کے ساڑھے تین سو سال مکمل ہونے کے موقع پر شوبھایاترا نکالی جاتی ہیں، جن میں گرگاؤں ثقافتی کمیٹی کے سوامی وویکانند یووا پرتشٹھان کی شوبھا یاترا کا انتظار رہتا ہے۔اس سال شروع میں ایودھیا میں رام مندر کے افتتاح کو ذہن میں رکھتے ہوئے کمیٹی نے اس بات کو سب کو بتانے کا فیصلہ کیا ہے کہ کس طرح*

چھترپتی شیوا جی مہاراج کا راجیہ، رام راجیہ تھا۔اس دوران ممبئی کے مضافات کے ضلع کلکٹر
نے شہریوں پر زور دیاہے کہ وہ اس سال جمہوریت کیلئے **Gudi** کا آغاز کریں اور آئندہ
عام انتخابات میں ووٹنگ کریں۔
ممبئی سے نشا موہن رانے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں کونین حیدر

**Telangana Rahul Gandhi**

بھارت راشٹر سمیتی BRS نے کانگریس کے لیڈرراہل گاندھی کے خلاف چناؤ کمیشن میں ایک شکایت درج کی ہے جس میں اُن پر الزام لگایا گیا ہے کہ وہ مثالی ضابطۂ عمل کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔ BRS نے اپنی شکایت میں الزام لگایا ہے کہ کانگریس پارٹی، فون Tapping کے معاملے پر ان کی پارٹی کے لیڈر، کے۔چندرشیکھر راؤ کے خلاف ہتک آمیز بیانات اور غیر مصدقہ الزامات لگا رہے ہیں۔ پارٹی نے آئندہ لوک سبھا چناؤ کے لیے انتخابی مہم میں راہل گاندھی پر فوری پابندی لگانے کی مانگ کی ہے اور ساتھ ہی ساتھ کانگریس کے خلاف کارروائی کرنے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔x

**India Chaina GDP**

**یوروپی پارلیمنٹ کے ایک ماہر Angelos Delivorias نے کہا ہے کہ بھارت کی مجموعی گھریلو پیداوار کی شرح ترقی چین سے زیادہ ہے اور یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ Angelos یوروپی پارلیمنٹ میں ایک پالیسی ماہر ہیں۔**

**Badminton Asia Championship**

بیڈمنٹن ایشیا چیمپئن 2024 آج چین کے شہر Ningbo میں شروع ہو رہی ہے۔ ایچ ایس پرونوائے، کدامبی سری کانت، لکشیہ سین، پی وی سندھو سمیت دیگر ممتاز بیڈمنٹن کھلاڑی بھارت کی نمائندگی کریں گے۔

مردوں کے سنگلز کے پہلے راؤنڈ میں ایچ ایس پرونائے کا سامنا چین کے Lu Guagzhou سے ہوگا جبکہ کدامبی سری کانت کا مقابلہ انڈونیشیا کے Anthony Ginting سے ہوگا۔

اسی دوران لکشیہ سین پہلے راؤنڈ میں چوٹی کے کھلاڑی Shi Yu Qi کے خلاف کھیلیں گے۔

**IPL**

IPL کرکٹ میں کل رات چنئی کے .M.Aچدمبرم اسٹیڈیم میں چنئی Super Kings نے کولکتہ نائٹ رائیڈرس کو 7 وکٹ سے ہرا دیا۔

چنئی Super Kings کے سامنے جیت کے لیے 138 رن کا نشانہ رکھا گیا تھا، جسے اس نے تین وکٹ کھوکر 141 رن بناکر حاصل کر لیا۔

کپتان Rithuraj گائیکوارڈ نے58 گیندوں میں 67 رن بنائے اور وہ ناٹ آؤٹ رہے۔

اِس سے قبل، پہلے بلے بازی کرتے ہوئے کولکتہ نے 9 وکٹ کے نقصان پر 137 رن بنائے تھے۔

آج شام ساڑھے سات بجے، چنڈی گڑھ کے مہاراجہ Yadavindra سنگھ انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں پنجاب کنگس کا مقابلہ Sunrisers حیدرآباد سے ہوگا۔x

یہ تھیں خبریں

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کونین حیدر

شکریہ –ارجمند

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو اہمیت کے ساتھ شائع کیاہے۔
روزنامہ راشٹریہ سہارا نے مغربی اترپردیش میں پہلے مرحلے میں ہونے والے انتخابات سے متعلق ایک خبر شائع کی ہے جس کی سرخی ہے: مغربی یوپی کی آٹھ سیٹیں بی جے پی کیلئے چیلنج، وزیراعظم کا تیسرا دورہ آج۔
اسی اخبار نے مشرقی افریقی ملک موزامبیق میں سمندر میں ایک کشتی کے غرقاب ہونے کی خبر کو پہلے صفحہ پر اہمیت کے ساتھ شائع کیاہے۔ اخبار نے اس حادثہ میں 100 سے زائد افراد کے ہلاک ہونے کی خبردی ہے۔اسی خبرکو روزنامہ ملاپ نے بھی اپنے صفحہ اول پر جبکہ انقلاب نے اپنے عالمی صفحہ پر شائع کیاہے۔
روزنامہ ملاپ اور پرتاپ کے صفحہ اول کی ایک اہم خبر راؤز ایوینیو کورٹ دہلی شراب معاملہ میں بی آر ایس کی رکن کے کویتا کی عبوری ضمانت کی درخواست مسترد ہونے سے متعلق ہے۔ اس خبر کو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے بھی پہلے صفحہ پر اہمیت کے ساتھ شائع کیاہے۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کے صفحہ اول کی ایک اور اہم سرخی ہے: ایک بارپھر شیئر مارکیٹ نئی اونچائی پر۔
اس کے علاوہ اردو اخبارات کے عالمی صفحوں کی چند اہم سرخیاں اس طرح ہیں:

- ☆ غزہ میں جنگ بندی کی کوشش، اسرائیل اور حماس کے درمیان مذاکرات میں اہم پیش رفت: انقلاب
- ☆ جنوبی کوریا نے دوسرا فوجی جاسوسی سیٹلائٹ مدار میں چھوڑا: راشٹریہ سہارا
- ☆ حوثیوں نے برٹش، اسرائیلی اور امریکی جہازوں پر میزائل حملوں کا دعویٰ کیا۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1. وزیراعظم نریندرمودی نے کہاہے کہ شمال مشرق نئے بھارت کی کامیاب داستان کے طور پر ابھرا ہے۔
2. بی جے پی کے سینئر رہنما اور وزیراعظم نریندرمودی آج مدھیہ پردیش کے بالا گھاٹ میں ریلی اورتمل ناڈو کے چنئی میں روڈ شو کریں گے۔
3. انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے ایکسائز پالیسی گھپلے کے سلسلے میں دلی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کے پرسنل اسسٹنٹ اور عام آدمی پارٹی کے رکن اسمبلی سے پوچھ تاچھ کی ہے۔
4. آج ملک کے مختلف حصوں میں نوراتری، Chaitra Sukladi، Ugadi، Gudi Padwa، Cheti Chand، Navreh اور Sajibu Cheiraoba تہوار منائے جارہے ہیں۔
5. آج چین کے Ningbo میں بیڈمنٹن ایشیا چمپئن شپ 2024 کا آغاز ہورہا ہے۔
6. اور آئی پی ایل کرکٹ میں

چنئی میں، چنئی سپرکنگس نے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کو سات وکٹ سے ہرادیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------------